# پیپر پیٹرن
# اردو
## جماعت ہشتم
### حصہ اول معروضی (کل نمبر 20)

| | |
|---|---|
| سوال نمبر 1: درست جواب کا انتخاب۔ تمام جوابات درست ہونے پر پورے نمبر دیئے جاسکتے ہیں۔ | 20/20 |

### حصہ دوم موضوعی (کل نمبر 47)

| | |
|---|---|
| سوال نمبر 2: (الف) نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل سوالات کے تین سے چار سطور پر مشتمل جوابات تحریر کریں۔ کل دس سوالات کے جواب لکھنے ہوں گے۔ اگر جواب مکمل درست ہو تو پورے نمبر دیئے جاسکتے ہیں۔ ہر چار غلطیوں پر نصف نمبر منہا کیا جائے گا۔<br>قواعد کے سوال میں جتنے درست جوابات ہوں گے اتنے نمبر دیئے جاسکتے ہیں۔ اگر تمام جواب مکمل درست ہوں تو پورے نمبر دیئے جاسکتے ہیں۔ | 30/30 |
| (ب) (i) مطلب واضح کریں۔ | 3/3 |
| (ii) واحد کے جمع تحریر کریں۔ | 3/3 |
| (iii) سابقوں لاحقوں سے الفاظ بنائیں یا اعراب لگائیں۔ | 3/3 |
| (iv) متضاد لکھیں۔ | 3/3 |
| (v) جملوں میں استعمال کریں یا جملے درست کریں۔ | 3/3 |
| (vi) اسم صفت / حروف اضافت (تعریف معہ امثال) | 3/3 |

Result.pk

### حصہ سوم (کل نمبر 33)

| | |
|---|---|
| سوال نمبر 3: سبق کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں۔<br>4 نمبر صحیح تشریح پر اور 1 نمبر سبق کے نام پر دیئے جائیں گے۔ | 4+1=5 |
| سوال نمبر 4: شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔ شاعر کے نام کا 1/2 نمبر اور نظم کے عنوان کا 1/2 نمبر دیا جائے گا جبکہ صحیح تشریح پر 4 نمبر دیئے جائیں گے۔ | 1/2+1/2+4=5 |
| سوال نمبر 5 درج ذیل عبارت پڑھیں اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جواب تحریر کریں۔ تمام جواب درست ہوں تو پورے نمبر دیئے جاسکتے ہیں۔ خط | 3/3 |
| سوال نمبر 6 خط یا درخواست تحریر کریں۔ خط کے لیے نمبروں کی تقسیم۔<br>کمرہ امتحان۔ تاریخ۔ القاب۔ السلام علیکم۔ نفس مضمون۔ اختتام | 1/2+1/2+1/2+<br>1/2+3=5 |
| درخواست کے لیے نمبروں کی تقسیم:<br>جناب عالی۔ نفس مضمون۔ مورخہ۔ العارض | 1/2+1/2+1/2+<br>1/2+3=5 |
| سوال نمبر 7 کہانی یا روداد یا مکالمہ تحریر کریں۔ | 5 |
| سوال نمبر 8 دیئے گئے موضوعات میں سے کسی ایک پر مضمون تحریر کریں۔ | 10 |

# اردو

## جماعت ہشتم

### حصہ معروضی (کل نمبر 80)

**اسباق:**

(i) حمد (ii) نعت (iii) اسوہ کامل کی روشنی میں والدین کا احترام
(iv) عبدالستار ایدھی (v) ڈاکٹر عبدالقدیر (vi) نشان حیدر
(vii) مکار لومڑی (viii) ملی نغمہ (ix) مادرِ ملت فاطمہ جناح
(x) قانون کی گرفت (xi) ریل کا سفر (xii) منشیات کے اثرات
(xiii) غزل (xiv) وادی سوات (xv) علامہ اقبال کا تصور شاہین
(xvi) حقیقت حسن (xvii) پاک چین دوستی (xviii) کھیلوں کے عالمی مقابلے
(xix) شام رنگین (xx) بچے (xxi) ماحولیات

**قواعد:** مندرجہ ذیل بالا اسباق کی مشقوں میں دیے گئے تمام قواعد:

**خطوط:**

(i) انچارج ڈاک خانہ کے نام خط لکھ کر اپنے گمشدہ پارسل کی بابت پوچھیں۔
(ii) دوست کو خط لکھ کر چڑیا گھر کی سیر کا احوال لکھیں۔
(iii) بڑے بھائی کے نام خط لکھ کر اپنی تعلیمی کارکردگی کے بارے میں بتائیں۔
(iv) محکمہ جنگلات کے ضلعی افسر کو خط لکھ کر پودے لگانے کے لیے پودے فراہم کرنے کی استدعا کریں۔
(v) اپنے دوست کو خط لکھ کر اپنے سکول میں ہونے والی سالانہ تقسیم انعامات کے بارے میں بتائیں۔

**درخواست:**

(i) سکول کے پرنسپل کے نام جرمانہ معافی کی درخواست لکھیں۔
(ii) بھائی کی شادی میں شرکت کے لیے پرنسپل کے نام دو یوم کی چھٹی کی درخواست لکھیں۔
(iii) پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیں۔

Result.pk

**روداد:** روداد لکھیں۔

(i) جلسہ تقسیم انعامات (ii) یوم اقبال (iii) تفریحی سفر کی روداد
(iv) سالگرہ کی روداد (v) جشن عید میلاد النبی ﷺ

**مکالمہ:** مکالمہ تحریر کریں۔

(i) دو دوستوں کے درمیان یوم پاکستان کے حوالے سے بات چیت (ii) گاہک اور دکاندار کے درمیان گفتگو
(iii) استاد اور شاگرد کے درمیان مکالمہ (iv) مریض اور طبیب کے درمیان گفتگو
(v) دو دوستوں کے درمیان زلزلے سے بچاؤ کی بات چیت۔

**کہانیاں:**

(i) اتفاق میں برکت ہے۔ (ii) لالچ بری بلا ہے (iii) نیکی کا بدلہ
(iv) جیسا بوؤ گے ویسا کاٹو گے (v) انگور کھٹے ہیں۔

**مضامین:**

(i) ہمارے پیارے نبی ﷺ (ii) خدمت خلق
(iii) حب الوطنی (iv) وقت کی پابندی
(v) میرے خواب (vi) جنگلات کے فائدے

**جائزے:** تمام جائزے شامل ہیں۔

**نوٹ:** ہر سبق کے آخر میں دیے گئے دو سوالات بھی شامل ہیں۔(مشقی سوالات کے علاوہ)۔

# ماڈل پرچہ اردو

## جماعت ہشتم (2022-2023)

وقت: 30 منٹ　　　　حصہ اوّل (معروضی)　　　　کل نمبر: 20

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔ یہ اسی پرچے پر حل کریں اور پہلے 30 منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔
کاٹ کر یا مٹا کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔

سوال نمبر ا۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (5)

(i) ''چڑیوں کے چہکنے سے تو ________ کی نوا سے'' مصرعہ مکمل کریں۔
(الف) کوئل　(ب) بلبل　(ج) کبوتر　(د) مینا

(ii) 1957ء میں کراچی میں وسیع پیمانے پر ________ کی وبا پھیلی۔
(الف) فلو　(ب) ٹائیفائڈ　(ج) ملیریا　(د) ہیضہ

(iii) کرنل شیر خان ________ سے پہلے فوجی اہلکار تھے۔ جن کو نشانِ حیدر ملا۔
(الف) ملتان　(ب) جہلم　(ج) صوابی　(د) چکوال

(iv) محترمہ فاطمہ جناح ________ کو پیدا ہوئیں۔
(الف) 31 جولائی 1893　(ب) 21 جولائی 1896　(ج) 9 نومبر 1876　(د) 25 دسمبر 1876

(v) سائبر کرائم ڈیپارٹمنٹ ________ جرائم کی روک تھام کے لیے بنایا گیا۔
(الف) سوشل میڈیا　(ب) رشوت خوری　(ج) قتل و غارت　(د) عہدہ کا ناجائز استعمال

(vi) منشیات کے اثرات کی وجہ سے ________ ختم ہو جاتی ہیں۔
(الف) دماغی صلاحیتیں　(ب) جسمانی صلاحیتیں　(ج) روحانی صلاحیتیں　(د) بصری صلاحیتیں

(vii) مالاکنڈ پاکستان کے ________ میں واقع ہے۔
(الف) جنوب　(ب) شمال　(ج) مشرق　(د) مغرب

(viii) پاک چین دوستی ________ کے پہاڑوں سے بلند ہے۔
(الف) کے ٹو　(ب) قراقرم　(ج) ہمالیہ　(د) ہندوکش

(ix) ملی نغمہ ''یہ وطن تمہارا ہے'' کے شاعر کا نام ________ ہے۔
(الف) حفیظ جالندھری　(ب) نظیر اکبر　(ج) کلیم عثمانی　(د) عتیق احمد جاذب

(x) صحت مند ماحول صحت مند ________ کو جنم دیتا ہے۔
(الف) جسم　(ب) سوچ　(ج) اعصاب　(د) روح

(xi) اب تک پاکستان کے ________ فوجی جوان نشانِ حیدر کا اعزاز حاصل کر چکے ہیں۔
(الف) دس　(ب) نَو　(ج) پانچ　(د) آٹھ

(xii) ________ وہ اسم صفت ہے جو کسی چیز کی تعداد کو ظاہر کرے۔
(الف) صفت ضمیری　(ب) صفت مقداری　(ج) صفت عددی　(د) صفت نسبتی

(xiii) حرص کا متضاد ________ ہے۔
(الف) لالچ　(ب) ہوس　(ج) قناعت　(د) صبر

(xiv) جمع الجمع وہ اسم ہے جو ________ بار جمع کرنے کی وجہ سے بنا ہو۔
(الف) دو　(ب) تین　(ج) چار　(د) پانچ

(xv) ایسا فعل جس کا فاعل معلوم ہو ________ کہلاتا ہے۔
(الف) فعل مجہول　(ب) فعل معروف　(ج) فعل امر　(د) فعل ناقص

Result.pk

(xvi) شیر دل کا مترادف __________ ہے۔

(الف) بہادر (ب) بزدل (ج) سخی (د) فاتح

(xvii) سبز باغ دکھانا قواعد کی رو سے __________ ہے۔

(الف) ضرب المثل (ب) محاورہ (ج) مرکب (د) روزمرہ

(xviii) وہ حروف جو تعریف کے موقع پر بولے جائیں __________ کہلاتے ہیں۔

(الف) حروف تحسین (ب) حروف تمنا (ج) حروف نفرین (د) حروف مناجات

(xix) ایک دوسرے کے لیے لازم الفاظ __________ کہلاتے ہیں۔

(الف) متشابہ (ب) متضاد (ج) متلازم (د) مترادف

(xx) اسم صفت کی __________ اقسام ہیں۔

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

~~~~~~

Result.pk
~~~~~~

# ماڈل پرچہ اردو

## جماعت ہشتم (2022-2023)

وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ　　　حصہ دوم (موضوعی)　　　کل نمبر: 47

سوال نمبر 2۔ نصابی کتاب کی روشنی میں مندرجہ ذیل سوالات کے تین سے چار سطور پر مشتمل جوابات تحریر کریں۔ (3x10=30)

(الف) (i) ملکی ترقی میں اتحاد کی کیا اہمیت ہے؟ یا مسافر خود نہیں لڑتا، مگر سامان لڑتا ہے، سے کیا مراد ہے؟

(ii) قومی سطح پر اتحاد اور اتفاق کی کیا اہمیت ہے؟ یا کپڑے کا کارخانہ فیصل آباد میں کیوں لگایا گیا؟

(iii) نعیم مشتاق صاحب پاکستان میں کیوں سرمایہ لگانا چاہتے تھے؟ یا خواتین کے حوالے سے محترمہ فاطمہ جناح کی خدمات پر روشنی ڈالیں۔

(iv) قائداعظم اپنی بہن کے متعلق کیا کہا کرتے تھے؟

(v) اس نظم میں نظم وضبط کے حوالے سے کیا تاکید کی گئی ہے۔(بحوالہ ملی نغمہ)۔

(vi) شیر شکار کے لائق کیوں نہ رہا؟ یا کہانی، مکار لومڑی سے کون سا اخلاقی سبق ملتا ہے؟

(vii) پاکستان کا اعلیٰ فوجی اعزاز نشان حیدر کن خدمات پر دیا جاتا ہے؟

(viii) کسی ملک کی ترقی کا دارومدار کس بات پر ہے؟

(ix) عبدالستار ایدھی کب پیدا ہوئے اور آپ نے کب وفات پائی؟

(x) نافرمان اولاد کا دنیا میں کیا حشر ہوتا ہے۔

(ب) (i) مطلب واضح کریں: ماتھے پر بل پڑنا۔ نشین کرنا۔ مخیّر حضرات (3)

(ii) واحد کے جمع تحریر کریں: جوہر۔ حق۔ حرص (3)

(iii) لاحقوں سے الفاظ بنائیں: ساز۔ گر۔ دل (3)

(iv) متضاد لکھیں: الم۔ حق۔ حرص (2)

(v) جملوں میں استعمال کریں: جلا بخشنا۔ ناک میں دم کرنا۔ (3)

(vi) فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریف مثالوں سے کریں۔ (3)

Result.pk

## حصہ سوم (کل نمبر 33)

سوال نمبر 3 سبق کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک نثر پارے کی تشریح کریں۔ (4+1=5)

(الف) والدین ہمارے لئے قدرت کا ایک انمول تحفہ ہیں۔ والدین اولاد کی پیدائش اور پرورش کے لئے زندگی کے گرم، سرد، دھوپ چھاؤں اور دکھ سکھ کو برداشت کرتے ہیں۔ اپنی اولاد کیلئے قربانی اور ایثار کا فطری جذبہ اللہ تعالیٰ نے تمام والدین میں ودیعت فرمایا ہے۔

(ب) کسی ملک کی سلامتی، معاشی ترقی اور خوشحالی کا دارومدار اس کے مضبوط دفاع پر ہوتا ہے۔ اس لیے ہر ملک اور قوم اپنی دفاعی ضروریات کو کبھی فراموش نہیں کرتی بلکہ اپنی دفاعی صلاحیتوں کو بہترین بنانے کے لیے کوشاں رہتی ہے۔

سوال نمبر 4 شاعر اور نظم کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جز کی تشریح کریں۔

(i) (الف)
میرِ کارواں ہم تھے روحِ کارواں تم ہو۔　　ہم تو صرف عنواں تھے، اصل داستاں تم ہو۔
نفرتوں کے دروازے خود پر بند ہی رکھنا۔　　اس وطن کے پرچم کو سربلند ہی رکھنا

(ب)
اگر مظلوم ہو تم اہل طائف پر عطا دیکھو۔　　جبیں پر زخم کھا کر بھی لبوں پر وہ دعا دیکھو

سوال نمبر 5 درج ذیل عبارت پڑھیں اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جواب تحریر کریں۔

آلودہ ماحول کی وجہ سے انسانی صحت پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ جس سے ہمارے معاشرتی رویے بھی تبدیل ہو رہے ہیں۔ جن میں عدم برداشت اور صبر وتحمل کا فقدان سرفہرست ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنے اور آنے والی نسلوں کے تحفظ کے لیے اپنے ماحول کو انتہائی صاف ستھرا اور خوش گوار رکھیں۔

(i) آلودہ ماحول کی وجہ سے انسانی صحت پر کیا اثرات مرتب ہوئے ہیں؟

(ii) ہمارے معاشرتی رویے میں کیا تبدیلی آتی ہے۔

(iii) ہمیں آنے والی نسلوں کے لیے کیا کرنا ہوگا۔

سوال نمبر 6 اپنے دوست کو خط لکھ کر چڑیا گھر کی سیر کا احوال بتائیں۔

یا

سکول کے پرنسپل کے نام جرمانہ معافی کی درخواست لکھیں۔

سوال نمبر 7 ''غرور کا انجام'' کے عنوان سے کہانی تحریر کریں۔

یا

تفریحی سفر کی روداد لکھیں۔

یا

دو دوستوں کے درمیان یوم پاکستان کے حوالے سے مکالمہ تحریر کریں۔

سوال نمبر 8 دیئے گئے عنوانات میں کسی ایک پر 250 سے 300 الفاظ پر مشتمل جامع مضمون تحریر کریں۔

(i) ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ (ii) وقت کی پابندی

~~~~~~~~~

Result.pk
~~~~~~~~~